تعارف
رابطہ عالم اسلامی پاکستان

کئی عشروں پر محیط رفاہی، فلاحی، تعلیمی، تربیتی، اصلاحی سرگرمیوں کا حامل دنیائے اسلام کے افق پر مرکزیت کے ساتھ چھائے ہوئے ادارے کو پوری دنیا ''رابطہ عالم اسلامی'' کے نام سے جانتی ہے۔ عالم اسلام کے سلگتے ہوئے مسائل ہوں، دورِ حاضر سے ہم آہنگ متنوع موضوعات پر گفتگو کا مرحلہ یا پھر قرآن وسنت کی روشنی میں جدید وسائل وانداز کے ساتھ امت کی راہنمائی کا فریضہ، کوئی مشکل سے بھرپور مرحلہ ہو یا تندوتیز اور طوفان نما اسلام کی آفاقی تعلیمات پر اغیار کے حملے، ہر موقع پر رابطہ عالم اسلامی نے بجا طور پر امت مسلمہ کیلئے قائدانہ کردار ادا کرتے ہوئے درست سمت میں راہنمائی کے ذریعے مغرب اور اسلام کے درمیان بڑھتے ہوئے تناؤ کی کیفیت کو ختم کیا اور مسائل کے مستقل حل کیلئے واضح موقف کے ساتھ متفقہ فیصلے جاری کر کے پیش آمدہ مسائل کو حل کرنے کی سعی کی۔ صرف یہی نہیں بلکہ رابطہ عالم اسلامی نے جہاں دنیا بھر کے مظلوم مسلمانوں کیلئے کلمہ حق بلند کیا وہیں اقوام عالم میں آباد رنگ ونسل اور مذاہب کی تفریق سے بالا دکھی انسانیت اور غیر مسلموں کے حقوق کی بھی جنگ لڑی کیونکہ اسلام کی آفاقی تعلیمات ہر مذہب کے احترام اور انسانیت کے قدر کی تعلیمات سے روشن ہیں رابطہ عالم اسلامی انہی خطوط پر اپنا سفر کرہ ارض کی مقدس اور مبارک سرزمین ''سعودی عرب'' سے جاری رکھے ہوئے ہے۔ لائق تحسین ہیں فلاح وصلاح اور خیر وبرکت کے منبع، رشد وہدایت کے پھوٹے سرچشموں کے خادمین، خادم الحرمین الشریفین شاہ عبد اللہ بن عبد العزیز، ولی عہد سلطان بن عبد العزیز جن کی زیر سرپرستی امت کی راہنمائی کا فریضہ ڈاکٹر عبد اللہ بن عبد المحسن الترکی اور ڈاکٹر عدنان خلیل پاشا سرانجام دے رہے ہیں اور انہیں عالم اسلام کی مایہ ناز شخصیات جن میں خادم الحرمین الشریفین کے پاکستان میں متعین سفیر عجز وانکساری کے پیکر عبد العزیز بن ابراہیم الغدیر بھی شامل ہیں کی معاونت حاصل ہے۔ (پاکستان میں رابطہ عالم اسلامی کا آفس وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں قائم ہے جہاں سے ریجنل ڈائریکٹر عبدہ بن محمد عتین کی نگرانی میں ہیڈ آفس جدہ کی ہدایات کے مطابق سرگرمیاں سرانجام دی جاتی ہیں)

انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن پاکستان: یوں تو اس ادارے کی پہچان مختلف شعبوں میں کام کے ذریعے عوام الناس میں موجود ہے کیونکہ یہ ادارہ اپنے مستقل ہمہ جہتی منصوبوں اور ایمرجنسی حالات کے علاوہ بے شمار منصوبوں کو پاکستان میں جاری رکھے ہوئے ہے انٹرنیشنل اسلامک ریلیف آرگنائزیشن (آئی آئی آر او) کا عربی نام ''ھیئۃ الاغاثۃ الاسلامیۃ العالمیۃ'' ہے، آئی آئی آر او، رابطہ عالم اسلامی کی زیر سرپرستی ایک خودمختار رفاہی، فلاحی، تعلیمی، تبلیغی منصوبوں پر ڈاکٹر عدنان خلیل پاشا کی سربراہی میں کام کر رہا ہے، مملکت خداداد پاکستان میں خادم الحرمین الشریفین کے پاکستان میں سفیر عبد العزیز بن ابراہیم الغدیر کی سرپرستی اور ریجنل ڈائریکٹر عبدہ بن محمد ابراہیم عتین کی سربراہی میں آئی آئی آر او کی خدمات کا دائرہ کار شہری علاقوں سے لیکر پسماندہ علاقوں تک پھیلا ہوا ہے آئی آئی آر او وہ واحد ادارہ ہے جو حکومت پاکستان کے زیر نگرانی پاکستان کے تین شہروں میں مکمل سہولیات سے آراستہ یتیم خانوں کے ذریعے معاشرے کے ان لوگوں کو تعلیمی زیور سے آراستہ کرنے کے ساتھ ساتھ مکمل کفالت کے ذریعے ان کا بوجھ غریب خاندانوں سے کم کر کے پسماندہ طبقوں میں خوشیاں بانٹنے میں مصروف عمل ہے اسلام آباد، کراچی اور مانسہرہ میں وسیع وعریض خطہ آراضی پر مشتمل یتیم خانے بے آسرا بچوں کیلئے نعمت غیر مترقبہ سے کم نہیں، کراچی میں قائم یتیم خانے میں تین ہزار بچوں کی گنجائش رکھی گئی ہے اور یہ پاکستان میں قائم کسی بھی رفاہی ادارے کا سب سے بڑا پروجیکٹ ہے جو بحمد اللہ ایک عرصہ سے کام کر رہا ہے۔ آئی آئی آر او کے دیگر شعبہ جات اور سرگرمیاں ایک نظر میں اگلے صفحات میں پیش خدمت ہیں،